# URDU COURSE (A) CODE - 003

**CLASS X (2020-2021)**

**TIME : 3 Hrs.** **SUBJECT - URDU** **M.M.: 80**

## حصہ (الف)

سوال ۱۔ درج ذیل غیر درسی کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالات (متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجئے اور ایک لفظ میں یا ایک جملے میں) کے جواب دیجئے۔ 5

انفارمیشن ٹیکنالوجی انگریزی زبان کا لفظ ہے۔ اپنی زبان میں ہم اسے ''فن مہارت کی آگاہی یا تجسس'' کہتے ہیں۔ قدیم انسان اگرچہ کسی فن یا مہارت سے بے بہرہ تھا لیکن وہ بھی اپنی سطح کے ہر کام کے لئے نئی راہیں تلاش کرتا تھا۔ چقماق کے دو ٹکڑوں کی رگڑ سے اس نے آگ پیدا کرنا سیکھ لیا۔ گول پتھر کو ڈھلان سے لڑھکتے ہوئے دیکھ کر اس نے سوچا ہوگا کہ وہ بھی اس تیز رفتار گول پتھر کی طرح کوئی چیز ایسی وجود میں لائے جس سے وہ استفادہ کر سکے۔ تو نتیجے میں وہ پہیہ کا موجد بنا۔ اس طرح اس کے ذہن میں ایک حرکت پیدا ہوئی اور ترقی کی نئی راہیں تلاش کرنے لگا۔ یہی ذہنی حرکت اس کو اس موڑ پر لائی کہ وہ دستکاری اور اس کے بعد ''مشینی عہد'' میں پہنچ گیا۔ اب اس کا تجسس بڑھ گیا اور وہ دن رات نئی نئی ایجادات کے بارے میں سوچنے لگا۔ کاغذ اور چھاپہ خانے کی ایجاد نے اس کے ذہن میں ایک نیا انقلاب پیدا کیا اور اس ایجاد نے انسان کو پوری دنیا سے باخبر رہنے اور اپنی بات کو دوسروں تک پہنچانے کا وسیلہ فراہم کیا۔

(i) انفارمیشن ٹکنالوجی کس زبان کا لفظ ہے؟

(a) ہندی زبان کا

(b) انگریزی زبان کا

(c) اردو زبان کا۔

(d) اوپر کے تینوں غلط ہیں

(ii) قدیم انسان اپنی سطح کے ہر کام کے لئے کیا تلاش کرتا تھا؟

(a) نئی راہیں

(b) پرانی راہیں

(c) کھلی راہیں

(d) اوپر کے تینوں صحیح ہیں۔

www.FirstRanker.com

FirstRanker.com
Firstranker's choice


(iii) چقماق کے دوٹکڑوں کی رگڑ سے اس نے کیا پیدا کرنا سیکھا؟

(iv) کاغذاور چھاپہ خانہ کی ایجاد نے ان کے ذہن میں کیا پیدا کیا؟

(v) انسان کس چیز سے استفادہ کرکے پہیئے کا موجد بنا؟

سوال۲۔ مندرجہ ذیل (غیر درسی) شعری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالات (متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجئے اور ایک لفظ میں یا ایک جملے میں) کے جواب دیجئے۔ 5

آتا ہے یاد مجھ کو گزرا ہوا زمانہ
وہ باغ کی بہاریں وہ سب کا چہچہانا

آزیاں کہاں وہ اب اپنے گھونسلے کی
اپنی خوشی سے آنا اپنی خوشی سے جانا

لگتی ہے چوٹ دل پر آتا ہے یاد جس دم
شبنم کے آنسوؤں پر کلیوں کا مسکرانا

وہ پیاری پیاری صورت وہ کامنی سے مورت
آباد جس کے دم سے تھا میرا آشیانہ

آتی نہیں صدائیں اس کی مرے قفس میں
ہوتی مری رہائی اے کاش میرے بس میں

www.FirstRanker.com

کیا بد نصیب ہوں میں گھر کو ترس رہا ہوں
ساتھی تو ہیں وطن میں قید میں پڑا ہوں

آئی بہار کلیاں پھولوں کی ہنس رہی ہیں
میں اس اندھیرے گھر میں قسمت کو رو رہا ہوں

اس قید کا الٰہی دکھڑا کسے سناؤں
ڈر ہے یہیں قفس میں میں غم سے مر نہ جاؤں

(i) پرندہ کو کیا یاد آتا ہے؟

(a) گزرا وقت

(b) گزرا ہوا زمانہ

(c) باغ کی بہاریں

(d) تینوں غلط

(ii) آئی بہار کلیاں پھولوں کی.......

(a) رو رہی ہیں

(b) مہک رہی ہیں

(c) ہنس رہی ہیں

(d) اوپر کے تینوں غلط ہیں

(iii) پرندہ کی رہائی اس کے بس میں کیوں نہیں ہے؟

(iv) پرندہ کے ساتھی کہاں ہیں؟

(v) پرندہ کو قفس میں کیا ڈر ہے؟

www.FirstRanker.com

FirstRanker.com
Firstranker's choice


# عملی قواعد

درج ذیل سوالوں میں سے کنہیں چار سوالوں کا جواب لکھئے۔

Attempt any 4 out of 5 questions.

سوال ۳۔ (1) فعل کی کتنی قسمیں ہیں؟ 4

(a) تین

(b) چار

(c) پانچ

(d) چھ

(2) ''بچّی روتی ہے'' مندرجہ ذیل میں کون سا فعل ہے؟

(a) فعل متعدی

(b) فعل لازم

(c) فعل مجہول

(d) فعل معروف

(3) فعل امر کے کیا معنیٰ ہیں؟

(a) حکم دینا

(b) لوگوں کے ساتھ پڑھنا

(c) شعروشاعری کرنا

(d) اختلاف پیدا کرنا

(4) مشبّہ کسے کہتے ہیں؟

(a) جسے تشبیہ دی جائے۔

www.FirstRanker.com

(b) جس سے تشبیہ دی جائے۔

(c) جس وجہ سے تشبیہ دی جائے۔

(d) وہ لفظ یا کلمہ جو تشبیہ کو ظاہر کرے۔

(5) کلام میں کسی بات کا وہ سبب بیان کرنا اصل سبب نہ ہو کیا کہلاتا ہے؟

(a) حسن تعلیل

(b) رعایت لفظی

(c) تضاد

(d) مراعات النظیر

درج ذیل سوالوں میں سے کنہیں چار سوالوں کا جواب لکھئے۔

Attempt any 4 out of 5 questions.

سوال ۴ (1) کلام میں ایسے الفاظ کا لانا جو ایک دوسرے کی ضد ہوں اسے کیا کہتے ہیں؟ 4

(a) تشبیہ

(b) استعارہ

(c) کنایہ

(d) تضاد

(2) فعل نہی میں کس لفظ کا استعمال کیا جاتا ہے؟

(a) مت

(b) آؤ

(c) جاؤ

(d) کرو

www.FirstRanker.com

(3) مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب لکھئے۔(خالی جگہوں کو پُر کیجئے)

حقیقت سامنے آنے پر ان کا جھوٹ ثابت ہو تو بے چارے..................

(a) بھاگ گئے

(b) چلے گئے

(c) دوڑتے رہے

(d) پانی پانی ہو گئے

(4) ظفر کو کسی سے ہمدردی نہیں بس اپنا..................جانتا ہے۔

(a) اپنا الو سیدھا کرنا

(b) اپنی بات منوانا ان

(c) اپنی بات کو پیش پیش کرنا

(d) لوگوں کو تکلیف دینا

(5) میاں کسی کی اور بھی سنو گے یا بس..................رہو گے۔

www.FirstRanker.com

(a) اپنا راگ الاپتے

(b) اپنی بات کہنا

(c) اپنی باتوں کو منوانا

(d) اپنے آپ کو الگ رکھنا

درج ذیل سوالوں میں سے کنہیں چار سوالوں کا جواب لکھئے

Attempt any 4 out of 5 questions.

سوال ۵ (1) اپنے بچوں کی اچھی تعلیم کے لئے والدین بہت.............................. 4

(a) پاپڑ بیلتے ہیں

(b) بہت خوش ہوتے ہیں

(c) غم میں ڈوبے ہوتے ہیں

(d) بچوں سے دشمنی رکھتے ہیں

(2) احمد امتحان میں کامیابی کی خبر سن کر............

(a) پھولا نہ سمایا

(b) بہت زیادہ کھیلنے لگا

(c) باتوں پر توجہ نہیں دیا

(d) مشکلیں برداشت کیں

(3) ''طلعت پڑھتی ہے'' میں کون سا فعل پایا جاتا ہے؟

(a) فعل معروف

(b) فعل مجہول

(c) فعل لازم

(d) فعل متعدی

(4) جس کا فاعل یا کام کرنے والا نہ ہو؟

(a) فعل مجہول

(b) فعل لازم

(c) فعل ناقص

(d) فعل معروف

(5) زمانہ کے لحاظ سے فعل کی کتنی قسمیں ہیں؟

(a) چار

www.FirstRanker.com

(b) پانچ

(c) چھ

(d) دو

درج ذیل سوالوں میں سے کنہی چار سوالوں کا جواب لکھئے۔

Attempt any 4 question out of 5 questions.

سوال٦۔ (1) ''وہ پڑھ رہا ہے'' میں کون سا زمانہ پایا جا رہا ہے؟ 4

(a) فعل ماضی

(b) فعل حال

(c) فعل مستقبل

(d) فعل امر

(2) وہ لفظ یا کلمہ جو تشبیہ کو ظاہر کرے اس کو کیا کہتے ہیں؟

(a) مشبہ

(b) مشبہ بہ

(c) وجہ تشبیہ

(d) حرفِ تشبیہ

(3) استعارہ میں مندرجہ ذیل میں سے کس کا استعمال نہیں کیا جاتا ہے؟

(a) مشبہ

(b) مشبہ بہ

(c) وجہ تشبیہ

(d) حرفِ تشبیہ

www.FirstRanker.com

FirstRanker.com
Firstranker's choice



(4) کنایہ کے معنی ہیں؟

(a) پوشیدہ ڈھنگ سے کہنا

(b) زورزور سے آواز لگانا

(c) لوگوں کی باتوں کو نہ ماننا

(d) بڑوں کی عزت نہ کرنا

(5) ''محمود لکھتا ہے'' میں کون سا فعل ہے؟

(a) فعل حال

(b) فعل ماضی

(c) فعل مستقبل

(d) فعل امر

درج ذیل سوالوں کا جواب لکھئے۔

Attempt all 4 quetions.

www.FirstRanker.com

سوال ۷۔ (1) آفرینش کا مطلب ہے؟ 4

(a) پیدائش

(b) خواہش

(c) چاہت

(d) آزمائش

(2) الاّ کا مطلب ہے؟

(a) اگر

(b) مگر

(c) تو

(d) پھر

(3) ناظرین جمع ہے

(a) ناظر کی

(b) نظر

(c) نذر

(d) انداز

(4) ''جنگ'' کا متضاد ہے؟

(a) امن

(b) دمن

(c) جلن

(d) کرم

سوال ۸۔ درج ذیل درسی عبارت کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالات (متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجئے اور ایک لفظ میں یا ایک جملے میں) کے جواب دیجئے۔ 5

سرسید کو مسماۃ ماں بی بی نے جو ایک قدیم خیر خواہ خادمہ ان کے گھرانے کی تھی، پالا تھا۔اس لئے ان کو ماں بی بی سے نہایت محبت تھی۔وہ پانچ برس کے تھے جب ماں بی بی سے نہایت محبت تھی۔وہ پانچ برس کے تھے جب ماں بی بی کا انتقال ہوا۔ان کا بیان ہے کہ ''مجھے خوب یاد ہے ماں بی بی مرنے سے چند گھنٹے پہلے فالسے کا شربت مجھ کو پلا رہی تھی۔جب وہ مرگئی تو مجھے اس کے مرنے کا نہایت رنج ہوا۔میری والدہ نے مجھے سمجھایا کہ وہ خدا کے پاس گئی ہے۔بہت اچھے مکان میں رہتی ہے۔بہت سے نوکر چاکر اس کی خدمت کرتے ہیں اور اس کی بہت آرام سے گزرتی ہے تم کچھ رنج مت کرو۔مجھ کو ان کے کہنے سے پورا یقین تھا کہ فی الواقع ایسا ہی ہے۔مدت تک ہر جمعرات کو اس کی فاتحہ ہوا کرتی تھی اور کسی محتاج کو کھانا دیا جاتا تھا۔مجھے یقین یہ سب کھانا ماں بی بی کے پاس پہنچ جاتا ہے۔اس نے مرتے وقت کہا کہ میرا تمام زیور سید کا ہے،مگر میری والدہ اس کو خیرات میں دینا چاہتی تھیں۔ایک دن انہوں نے مجھ سے پوچھا اگر تم کہو تو یہ گہنا ماں بی بی کے پاس بھیج دوں، میں کہا ہاں بھیج دو۔والدہ نے وہ سب گہنا مختلف طرح سے خیرات میں دے

www.FirstRanker.com

دیا۔"

(i) سرسید کو کس نے پالا تھا؟

(a) مسماۃ ماں بی بی نے

(b) اسما ماں بی بی نے

(c) سلمہ ماں بی بی نے

(d) اوپر کے تینوں غلط ہیں

(ii) مندرجہ بالا اقتباس کس سبق سے ماخوذ ہے؟

(a) سرسید احمد خاں

(b) سرسید کا بچپن

(c) سرسید کا زمانہ

(d) اوپر کے تینوں غلط ہیں

(iii) اس سبق کے مصنف کا نام بتایئے۔

(iv) ماں بی بی کا انتقال کب ہوا؟

(a) پانچ سال کی عمر میں

(b) چھ سال کی عمر میں

(c) سات سال کی عمر میں

(d) دس سال کی عمر میں

(v) والدہ نے سب گہنے کہاں دے دئے؟

(a) ماں بی بی کے پاس

(b) خیرات میں دیئے

www.FirstRanker.com

(c) سید کے پاس

(d) والدہ کے پاس

(یا)

میں نے مایا کو پتھر کے ایک کونے میں مکھن رکھتے دیکھا۔ چھاچھ کی کھٹاس کو دور کرنے کے لئے مایا نے کونے میں پڑے ہوئے مکھن کو کنوئیں کے صاف پانی سے کئی بار دھویا اس طرح مکھن کے جمع کرنے کی کوئی خاص وجہ تھی ایسی بات عموماً مایا کہ کسی عزیز کی آمد کا پتہ دیتی تھی۔ ہاں! اب مجھے یاد آیا دو دن کے بعد مایا کا بھائی اپنی بیوہ بہن سے راکھی بندھوانے کے لئے آنے والا تھا یوں تو اکثر بہنیں بھائیوں کے یہاں جا کر انہیں راکھی باندھتی ہیں مگر مایا کا بھائی اپنی بہن اور بھانجے سے ملنے کے لئے خود ہی آجایا کرتا تھا اور راکھی بندھوالیا کرتا تھا۔ راکھی دبندھوا کر وہ اپنی بیوہ بہن کو یقین دلاتا تھا کہ اگر چہ اس کا سہاگ لٹ گیا ہے مگر جب تک اس کا بھائی زندہ ہے اس کی رکھشا اس کی حفاظت کی ذمہ داری اپنے کندھوں پر لیتا ہے۔ ننھے بھولے نے میرے اس خیال کی تصدیق کر دی۔ گنا چوستے ہوئے اس نے کہا بابا پرسوں ماموجی آئیں گے نا۔۔۔۔۔۔۔؟''

(i) درج بالا اقتباس کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(a) اختر انصاری

(b) الطاف حسین

(c) راجندر سنگھ بیری

(d) اوپر کے تینوں غلط ہیں

(ii) درج بالا اقتبا کس سبق سے لیا گیا ہے؟

(a) نیا قانون

(b) راجندر سنگھ بیری

(c) منشی پریم چند

(d) عظیم بیگ چغتائی

(iii) مایا کا بھائی اپنی بیوہ بہن کے پاس کس لئے آنے والا تھا؟

www.FirstRanker.com

(a) راکھی بندھوانے

(b) ملاقات کرنے

(c) شادی میں شامل ہونے

(d) لوگوں کا حال جاننے

(iv) مایانے کوڑے میں پڑے ہوئے مکھن کو کس پانی سے دھویا۔

(a) کوئیں کے پاس سے

(b) بارش کے پانی سے

(c) نل کے پانی سے

(d) تالاب کے پانی سے

(v) بیوہ کے کیا معنیٰ ہوتے ہیں؟

(a) جس کے بھائی کا انتقال ہوگیا ہو

(b) جس کے شوہر کا انتقال ہوگیا ہو

(c) جس کی بہنیں انتقال کرگئی ہوں

(d) جس کے والد کا انتقال ہوگیا ہو

www.FirstRanker.com

سوال۹۔ مندرجہ ذیل شعری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالات (متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجئے اور ایک لفظ میں یا ایک جملے میں) کے جواب دیجئے۔ 5

او دیس سے آنے والے بتا کس حال میں ہیں یارانِ وطن
آوارۂ غربت کو بھی سنا! کس رنگ میں ہے کنعانِ وطن
وہ باغ وطن، فردوس وطن وہ سرو وطن، ریحان وطن

FirstRanker.com
Firstranker's choice
www.FirstRanker.com www.FirstRanker.com

اودیس سے آنے والے بتا!

او دیس سے آنے والے بتا!

کیا اب بھی وہاں کے باغوں میں مستانہ ہوائیں آتی ہیں

کیا اب بھی وہاں کے پربت پر گھنگھور گھٹائیں چھاتی ہیں

کیا اب بھی وہاں کی برکھائیں ویسے ہی دلوں کو بھاتی ہیں

او دیس سے آنے والے بتا!

(i) درج بالا شعری حصہ کس نظم سے لیا گیا ہے؟

(a) حقیقت حسن

(b) اور دیس سے آنے والے بتا

(c) آوارہ

(d) غربت

(ii) درج بالا اشعار کے شاعر کا نام لکھئے۔

(a) اختر انصاری

(b) اختر شیرانی

(c) اختر الایمان

(d) اوپر کے تینوں غلط ہیں

(iii) شاعر نے پرسید میں دیس سے آنے والے شخص سے کیا پوچھا؟

(iv) پہلے بند میں آوارہ غربت سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

(v) پہلے بند میں کس صنعت کا استعمال کیا گیا ہے؟

www.FirstRanker.com

FirstRanker.com
Firstranker's choice


(یا)

دنیا میری بلا جانے، مہنگی ہے یا سستی ہے
موت ملے تو مفت نہ لوں، ہستی کی کیا ہستی ہے
آبادی بھی دیکھی ہے ویرانے بھی دیکھے ہیں
جو اجڑے اور پھر نہ بسے، دل وہ نرالی بستی ہے
جان سے شے بک جاتی ہے ایک نظر کے بدلے میں
آگے مرضی گاہک کی، ان داموں تو سستی ہے
جگ سونا ہے تیرے بغیر، آنکھوں کا کیا حال ہوا
جب بھی دنیا بستی تھی، اب بھی دنیا بستی ہے
آنسو تھے سو خشک ہوئے جی ہے کہ امڈا آتا ہے
دل پہ گھٹا سی چھائی ہے، کھلتی ہے نہ برستی ہے

www.FirstRanker.com

(i) درج بالا اشعار کا تعلق کس صنف سے ہے؟

(a) غزل

(b) نظم

(c) رباعی

(d) مسدس

(ii) درج بالا اشعار کے شاعر کا نام۔

(a) اصغر گونڈوی

(b) فانی بدایونی

(c) شاد عظیم آبادی

(d) یاس یگانہ چنگیزی

(iii) خشک کے کیا معنی ہیں

(iv) ہستی کے کیا معنی ہیں؟

(v) لفظ مہنگی کی ضد لکھو۔

## حصہ ب (تحریری مہارت)

سوال۱۰۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر ڈھائی سو سے تین سو الفاظ پر مشتمل مضمون لکھئے۔ 6

(i) آلودگی ایک سنگین مسئلہ

(ii) بڑھتی ہوئی آبادی کے مسائل اور ان کا حل

(iii) قومی اتحاد

یا

(i) ملک کی ضرورت

(ii) گلوبل وارمنگ ایک خطرہ

(iii) ذرائع ابلاغ

www.FirstRanker.com

سوال۱۱۔ (i) اپنے والد کے نام خط لکھ کر اپنے اسکول میں ہونے والی کارگزاریوں کا ذکر کیجئے۔ 5

(ii) اپنے پرنسپل کے نام سیکشن بدلنے کے لئے ایک درخواست لکھئے۔

یا

(i) اپنے پرنسپل کے نام فیس معافی کی درخواست لکھئے۔

سوال۱۲۔ اپنے اسکول میں ہونے والے سالانہ جلسہ میں شرکت کرنے والے بچوں کے لئے ایک درخواست لکھئے۔ 5

یا

اپنی دوکان کو کرائے پر دینے کیلئے ایک اشتہار تیار کریں۔

سوال۱۳۔ نظم ''حقیقت حسن'' کا خلاصہ لکھئے۔ 5

یا

فانی کی غزل گوئی پر ایک نوٹ لکھئے۔

سوال۱۴۔ علی عباس حسینی کے افسانہ ''آئی سی ایس'' کا خلاصہ لکھئے۔

یا

افسانہ ''دو فرلانگ لمبی سڑک'' کے حوالے سے کہانی کے اس منظر کا بیان کیجئے جس نے آپ کو سب سے زیادہ متاثر کیا ہو۔ 5

سوال۱۵۔ مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کنہیں 4 سوالوں کے جواب لگ بھگ 25 سے 30 لفظوں میں لکھئے۔ 4x2=8

(i) منگو کوچوان انگریزوں سے نفرت کیوں کرتا تھا؟ 2

(ii) سر سید احمد خاں نے اپنا بچپن کیسے گذارا؟ 2

(iii) بھولا گیتا شوق سے کیوں سنتا تھا؟ 2

(iv) اسلام میں عورتوں کے کیا حقوق ہیں؟ 2

(v) رام سہائے اور اس کی بیوہ بھاگوتی کے خیالات میں کیا فرق ہے؟ 2

(vi) مخلوط زبان میں کیا فرق ہے؟ 2

(vii) چنتو ان دیوتا سے ناراض کیوں رہتا تھا؟ 2

(viii) ''نایاب ہیں ہم'' سے شاعر کی کیا مراد ہے؟ 2

سوال۱۶۔ مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کنہیں دو سوالوں کے جواب 40 سے 50 لفظوں میں لکھئے۔ 2x3=6

www.FirstRanker.com

(i) اگر آپ گیا کی جگہ ہوتے تو آپ کا رویہ کیا ہوتا؟

(ii) مصنف نے جب فقیر کو نوکری کی پیش کش کی تو اس نے کیا تنخواہ مانگی اور کیوں؟

(iii) افسانہ نگار ہوٹل میں کس کا منتظر تھا اور کیوں؟

(iv) مخلوط زبان مضمون میں اردو زبان کی کن خصوصیات پر روشنی ڈالی گئی ہے؟

www.FirstRanker.com

www.FirstRanker.com